ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
این درر شاہوار اشعار آبدار انتخابیہ دواوین شاہ ظفر دہلوی مسمی
منتخب کلیات ظفر
از اہتمام عاجز محمد عبد الصمد نبیرۂ حاج میر درمحمد مصطفی خان صاحب مغفور
در مطبع احمدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الف جلد اول

مقدور کسکو حمد خدائے جلیل کا — اسنجا پہ بیزبان ہو دہن قال و قیل کا

پانی میں اونکا راہبری کی کلیم کی — آتش میں وہ ہوا چمن آزر خلیل کا

اوسکی مدد سے فوج ابابیل نے کیا — لشکر تباہ کعبے پہ اصحاب فیل کا

پیدا کیا وہ اوسنے شتر عوج بن عنق — پل جسکی ساق پاسے بنا رود نیل کا

پھرتا ہی اوسکے حکم سو گردوں بہ این جلال — چلتا ہی یان عمل کوئی جر ثقیل کا

بلوایا اپنے دوست کو اوسنے وہاں جہاں — مقدور پرزدن نہوا جبرئیل کا

کیا پاے کنہ ذات کو اوسکی کوئی ظفر — دان عقل کا نہ دخل نہ ہرگز دلیل کا

مژدہ اے دل کہ مری پاس وہ یار آویگا — خاک رہ اوسکی بنونگا وہ سوار آویگا

چھپا خورشید دامان شرم سے زیر زمین جا کر
تجھے ڈر ہی نہ ... [illegible]

مری جو آہ کا شعلہ سر چرخ برین پہنچا
کہ نازک ہی نہایت ہی ترا اے نازنین پہنچا

ظفر دامان مژگان ہی ٹپکا جا کے تھا آنسو
اگر سو پہنچا سکے آنکھوں تلک تو آستین پہنچا

یان نہ افسوس دل اک دم نہوا پر نہوا
اور گریہ سے بڑھا کم نہوا پر نہوا

سنکر احوال جگر سوز غریب عاشق کا
ہای افسوس سے تجھے غم نہوا پر نہوا

کشتۂ ناز کے افسوس جنازے پہ ذرا
چشم پر آب تو اک دم نہوا پر نہوا

چارہ گر کی نہیں تقصیر سبب کی تدبیر
کار گر زخم پہ مرہم نہوا پر نہوا

تشنگی نالوں کو مری ہو گئے پتھر پانی
سر مژگان بھی ترا نم نہوا پر نہوا

مثل گل آگیا دم ناک میں اپنا لیکن
یار اپنا کبھی ہمدم نہوا پر نہوا

سیر کی جا ہی سی تری سخت گرہ دلمین تری
شست پیمان ترا محکم نہوا پر نہوا

ہوں وہ آزاد کہ جوں سرو کسی خاطر
قد تعظیم مرا خم نہوا پر نہوا

رات ہمسایوں نے اوچھے اوچھکی دعا میں نالین
شور و نالہ مرا مدھم نہوا پر نہوا

ہند کی صانع قدرت نے دلی تیرا ایسا
کسی مخلوق پہ عالم نہوا پر نہوا

کھلا کے ہنسنے گلشن میں ہزاروں غنچے
دل ہمارا خوش و خرم نہوا پر نہوا

اے ظفر دیکھیے عقبی میں ہو کیا حال اپنا
چین دنیا میں تو اک دم نہوا پر نہوا

کونسی میکش کی دعوت ہے فرشتوں میں جو دھوم
دیکھکر مینا فلک کا اور ساغر ماہ کا

خال کا کاجل نہ سمجھو اوس زنخدان کے قریب
آگیا ہے ہاتھ زنگی کے کنارہ چاہ کا

کہکشان کا خط نہیں یہ صاف آتا ہے نظر
عکس فانوس فلک میں ہے مری شمع آہ کا

منزل الفت میں غم کو میں جلد کیونکر کرون
مجکو ہے اسکا سہارا ہے یہ توشہ راہ کا

اوسکے دندان پر نہیں ہے مسی کی دیکھنا
نے قلم کیا جا بجا لکھا ہے اسم اللہ کا

رتبہ عالی سے اوسکے آسمان بھی پست ہے
اے ظفر جو خاک پا ہے حضرت عالی جاہ کا

خوشی خوشی ہے جو خط نامہ بر لیے آیا
یہ کچھ نہ کچھ تو خوشی کی خبر لیے آیا

ممانعت نہ کر اتنی خدا سے ڈر ظالم
ہمیں ہے شوق ترا تیرے گھر لیے آیا

قدم رکھے ہے وہی عاشقی کے میدان میں
کہ جو ہتھیلی پہ ہے اپنا سر لیے آیا

جب اشک آتا ہے مژگان تلک مرے دل سے
تو ساتھ اپنے ہے لخت جگر لیے آیا

ہزار آپ کو وہ کھینچتے ہیں پر انکو
مرا ہی جذبۂ دل کھینچکر لیے آیا

بچے کب اوس بت صیاد وش سے طائر دل
کہ دام زلف کو بھی دوش پر لیے آیا

کہاں وہ جائیں کہ میری نظر سے ہو غائب
تصور انکو ہے زیر نظر لیے آیا

جو آتا ہے تری مژگان کا ذکر چھیڑتا ہے
مرے لیے بھی ہر اک نیشتر لیے آیا

ظفر ہے واسطے ہر طفل کے مہیا شیر
کہ رزق ساتھ ہی اپنے بشر لیے آیا

ای دل آزار تو سویا کیا آرام سے رات
مجھے پل بھر بھی دل زار نے سونے نہ دیا

میں وہ مجنوں ہوں کہ زنداں میں نگہبانوں کو
میری زنجیر کی جھنکار نے سونے نہ دیا

سو نہیں کیا کہ مرے پاؤں کو بھی [illegible]
آرزوئے خلش خار نے سونے نہ دیا

یاس و غم رنج و تعب سے ہے یہ دشمن جاں
ای ظفر شب انہیں چار نے سونے نہ دیا

نہ درویشوں کا خرقہ چاہیے نہ تاج شاہانا
مجھے تو ہوش دے اتنا رہوں میں تجھ پہ دیوانا

کتابوں میں دھرا کیا ہے بہت لکھ لکھ کے دھو ڈالیں
ہمارے دل پہ نقش کالحجر ہے تیرا فرمانا

غنیمت جان جو دم گذرے کیفیت سے گلشن میں
دیے جا ساقی پیماں شکن بھر بھر کے پیمانا

نہ دیکھا وہ کہیں جلوہ جو دیکھا خانۂ دل میں
بہت مسجد میں سر مارا بہت ڈھونڈھا بتخانا

کچھ ایسا ہو کہ جس سے منزل مقصود کو پہنچوں
طریق پارسائی ہووے یا ہو راہ رندانا

یہ ساری آمد و شد ہے نفس کے آمد و شد پر
اسی تک آنا جانا ہے نہ پھر جانا نہ پھر آنا

ظفر وہ زاہد بیدرد کی ہو حق سے بہتر ہے
کرے گر رند درد دل سے ہاؤ ہوئے مستانا

دیگر

مری آنکھ بند تھی جب تلک وہ نظر میں نور جمال تھا
کھلی آنکھ تو نہ خبر رہی کہ وہ خواب تھا کہ خیال تھا

[illegible] عشق و گر خوشی عید کی تھی
خم تیغ تیرا جو سامنے نظر آیا مثل ہلال تھا

کہو اس تصور یار کو کہوں کیوں نہ خضر خجستہ پے
کہ یہی تو دشت فراق میں مجھے رہنمائے وصال تھا

لہلہاتا کیوں نہ لب پر سبزۂ آب جو
دفن یاں وسکا شہید قامت چالاک تھا

گردش چشم بتاں سے ہے یہ سیکھی زیر طور
ورنہ گرداں کب بھلا یوں گنبد افلاک تھا

تھا شہید نیم بسمل کون ہی ماتم سحر گلشن میں کیا
جو سحر ہوتی ہی بلبل گل گریباں چاک تھا

جو نہ کہنا تھا کہا جھٹ منہ پہ اوس سفاک کے
سچ تو یہ ہے یاں ظفر بھی ایک ہی بیباک تھا

ہووے تمہارے در تک اپنا کہاں سے آنا
جب تک قدم ہو مشکل اس ناتواں کا آنا

بیمار غم کو تیرے دیکھو آئے سب اطبا
عیسیٰ کا ایک باقی ہے آسماں سے آنا

کوئے عدم کو جا کر کوئی پھر ادھر سے
دشوار ہے نہایت شاید یہاں سے آنا

للہ کر نہ دیجو برباد خاک عاشق
آہستہ اے صبا تو کوئے بتاں سے آنا

اک آن پر ہے سودا عاشق کے جی کا دل کا
فرماتے آپ کیوں ہیں نا حق زباں سے آنا

کیا دخل ہے کہ ہوویں خاک گشتگاں بھی
آنا کبھی جو شاید اس کہکشاں سے آنا

دم اے ظفر ہوا تھا اپنا بھی رات تو ہیں
خوشبو کا اوس کو زلف عنبر فشاں سے آنا

جگر کی طرح جو ہوئے جل کے دل کباب ہوا
یہ عشق جان کو میری کوئی عذاب ہوا

کیا جو قتل مجھے تمنے خوب کام کیا
کہ میں عذاب سے چھوٹا تمہیں ثواب ہوا

کبھی تو شیفتہ اوس نے کہا کبھی شیدا
غرض کہ روز نیا اک مجھے خطاب ہوا

پیئوں نہ رشک سے خون کیوں میں اپنا
کہ ساتھ غیر کے وہ آج ہمشراب ہوا

کون تھا بار امانت کا اوٹھانیوالا
گرچہ دنیا مین نہ ہوتا ظفر انسان پیدا

ہمنے تجھی کو عشق مین بدظن بنالیا
تھا دل جو دوست وسکو بھی دشمن بنالیا

مشق ستم رہی ہی اوسکی کہ جبتلک
ہر استخوان کو میری نہ قط زن بنالیا

دعوی تھا ایک عمر سے اسلام کا ہمین
اوس بت نے ایکدم مین برہمن بنالیا

آنکھون نے تیری سحر کیا اک نگاہ مین
دیوانہ مجکو اے بت پرفن بنالیا

قصر بہشت تجکو مبارک ہو زاہدا
ہمنے تو کوے یار مین مسکن بنالیا

اللہ ری تیری سنگدلی تو نے اپنا دل
پتھر بنالیا ہی کہ آہن بنالیا

بگڑا مزاج دیکھیے کیسی سنے ظفر
منھ اوسنے یون جو پھیر کے چتون بنالیا

دیگر

جو ضبط فغان کے از نہان ہو نہین سکتا
اور تجھ سے دلا ضبط فغان ہو نہین سکتا

بینائی تھی دل سے یہ عالم ہی کہ اب تو
اشک آنکھون سے بھی میری روان ہو نہین سکتا

سرتا بقدم شمع صفت ہو گے زبان ہم
پر سوز غم عشق بیان ہو نہین سکتا

جبتک شش خفقان مجھے مین تن تو نہ ہو
کچھ میرا علاج خفقان ہو نہین سکتا

رخ چشم مری چشم سے ہو ابر تو کیونکر
اسطرح وہ خونابہ فشان ہو نہین سکتا

کیا جانے بلا کیا ہے ترا غمزہ کہ جس سے
جانبر کوئی اے آفت جان ہو نہین سکتا

کبھی جاکر نہ پھرتا مین گلی مین جو بر کے تیکے
اگر مجھکو نہ میرا یہ دل مضطر لیے پھرتا

ہوتا شوق کو سیر مہ لقا تو کون پھر مجھکو
ظفر خورشید کی مانند یون دن بھر لیے پھرتا

عشق کے میدان مین جسنے دیا سر کٹا
جو قدم آگے بڑھا پھر نہ وہ پیچھے ہٹا

دیکھتے ہی عشق کو عقل گئی سٹ پٹا
دلکو مرے آفرین یہ جو ڈٹا تو ڈٹا

تیغ نگہ کو ذرا تو نے جو چمکا دیا
بھول گئی دیکھکر برق بلا [illegible]

عارض پُر نور پر کھول جو دی اپنی زلف
سینے یہ جانا کہ ہو رات بڑھی دن گھٹا

عشق کی دولت ہی درد کون لے اور کسکو دے
یہ نہ کسی سے بٹے اور نہ کسی سے ہٹا

پھرتا ہی جوگی بنا تیرے لیے آفتاب
خط شعاعی نہیں سر پہ کھلی ہی جٹا

چشم کو ہی تیری کام جیسے پڑا سر سے
زہر بھری ہر نگہ سانپ ہی بیٹھ جٹا

ناز و ادا و نگہ غمزہ و عشوہ ترے
پانچون ہین دشمن مرے اور کرشمہ چھٹا

دامن و جیب ای ظفر چاک ہو تو ہو رفو
دل نہیں جاتا سیا یہ جو پھٹا تو پھٹا

بتون کی ہی وہ آشنائی کا دھندا
کہ ہے جس سے ساری خدائی کا دھندا

وہ جب دیکھو آئینہ ہی دیکھتے ہین
رہے ہی اونھین خودنمائی کا دھندا

جیے یا مرے پر نہ عاشق سے چھوٹے
خیال وصال و جدائی کا دھندا

ہمارا تو پیشہ ہے رندی ہمیشہ
ہوا ہم سے کب پارسائی کا دھندا

تجکو کیا تیری بلا سے کوئی ای غفلت شعار
ہوگیا گر کشتۂ تیغ تغافل ہوگیا

ہوگیا پھیکا تری جانے سے رنگ روی گل
بے نمک نالہ سے میرے شور بلبل ہوگیا

نالہ پر درد دل سودا زدہ خط زلف مین
میری خاطر دستۂ ریحان سنبل ہوگیا

کسکی چشم مست نے اوٹھا ہے ساقی سیکڑون
جون حباب اوندھا جو ہر اک ساغر گل ہوگیا

لکھکے خط دلی پہ کیا تو خط آتیا ہاتھ مین
سن چکے ہم غیر سے تجکو توسل ہوگیا

تھی اجل کو سون تامل لیکن اوسکی چشم کو
کام اپنا اک نظر مین بی تامل ہوگیا

فاتحہ مین تو نہ آیا حسرتا واحسرتا
اور اس حسرت مین عاشق کا ترقل ہوگیا

ساتھہ اس قیامت کی ماری کے سر اپنا تو نہ مار
اے ظفر دل تو اسیر زلف کاکل ہوگیا

خط اہی جو مین کہون وسے خط پڑھا گیا
پڑھا گیا مگر اچھی نمط پڑھا نہ گیا

تھا اسے صفحۂ رخسار پر خط گلزار
ہجوم خال سے تھے جو نقط پڑھا گیا

ہمارا محضر خونین جو محکمے مین گیا
لکھا ہوا تھا کچھ ایسا غلط پڑھا گیا

جو کوئی مصرعۂ مضمون گریہ مینے لکھا
کسی سے مثل خط موج شط پڑھا نہ گیا

پڑھا تمام مرا نامہ اوسنے حرف بحرف
جو مدعا تھا وہی ہان فقط پڑھا نہ گیا

ترے مریض کا نسخہ طبیب نے جو لکھا
قلم کو ایسا دیا اوسنے قط پڑھا نہ گیا

لکھا ہی کیا مری تقدیر مین خدا جانے
پڑھا اگرچہ ظفر سو نمط پڑھا نہ گیا

ہمنے روضہ کو تری روضۂ رضوان پایا
بلکہ رضوان کو نہ یان ہمسر دربان پایا

محو نظارہ ہوا آکے جو اس گلشن مین
چشم نرگس کیطرح سے او سے حیران پایا

دیکھے سب معرفت آگاہ ترے در کے فقیر
ہمنے پایا جسے یان صاحب عرفان پایا

تیرے دروازے کی ہے خاک وہ اکسیر شفا
کہ جسے ہمنے ہر اک درد کا درمان پایا

تشنہ لب آن محبت کے ہوئے سیراب
ہمنے ہر چشمہ کو یان چشمۂ حیوان پایا

کہے اس درجہ کے عالی کی کوئی کیا رفعت
کہ اسے عرش کا ہمسایۂ ایوان پایا

کعبہ و دیر مین ہم ڈھونڈتے پھرتے ہین جسے
شکر صد شکر کہ وہ ہمنے ظفر یان پایا

حال دل سب لکھا نہین جاتا
اور لکھون تو پڑھا نہین جاتا

کوئی وان تک دلا نہین جاتا
جسکو کہتا ہون جا نہین جاتا

کیونکہ طے راہ عشق ہو کہ وہان
دو قدم بھی چلا نہین جاتا

تیرے تیر نگاہ سے ظالم
دل نیچے کیا بچا نہین جاتا

اگیا جب زبان پہ نام ترا
پھر زبان سے مزا نہین جاتا

تشنۂ آب خنجر قاتل
سوے آب بقا نہین جاتا

تیرے بیمار غم کے پاس آکر
کون روتا ہوا نہین جاتا

جب کہ ہوتا ہے دل مرا بیتاب
تو سنبھالا ذرا نہین جاتا

محو حیرت ہون صورت تصویر
کیا کہون کچھ کہا نہین جاتا

دل مرا اوس رشک گلشن کا جو مسکن بنگیا
سینۂ پر داغ گویا ایک گلشن بنگیا

دوستی نے تیری مجھسے کر دیا سبکو برا
اپنا بیگانہ ہوا اور دوست دشمن بنگیا

اپنی دینداری پہ کیا کیا ناز تھا زاہد کو پر
اوس صنم کی دیکھکر صورت برہمن بنگیا

بزم عشرت جسکو تجھ بن ماتم ہو گئی
نغمۂ شادی لب مطرب پہ شیون بنگیا

بسکہ گریہ نے کیا خشکی لب کا علاج
صاف ہر آنسو برنگ شمع روغن بنگیا

گر لگا تیر اوسکا سینے میں مرے اچھا ہوا
جھانکنے کو دلکے سینے ایک روزن بنگیا

رو دئے ہم اپنی اسیری پر تو دریا بہا
حلقۂ گرداب اپنا طوق گردن بنگیا

نے اثر کرتا ہی نالا اور نہ کچھ تاثیر آہ
دل خدا جانے ترا پتھر کہ آہن بنگیا

ہو گیا پانی مرے نالونکی گرمی سے جو خشک
پاٹ دریا کا ظفر صحرا کا دامن بنگیا

اپنا بیٹھا ہونسے دل کی پس از مرگ ای ظفر
سنگ مزار عاشق بیدل وہ بنگیا

رشک میں یار پاس سے جس دم نکل گیا
غیرنے تو جانا یہ کہ مرا دم نکل گیا

تاثیر تیرے گریہ نے کیا کی وہی مگر
دل کا بخار دیدۂ پرنم نکل گیا

پھر کے نہ ہاتھ آیا جو اس وقت قید سے
تیرا اسیر کاکل پر خم نکل گیا

جو معرکے میں عشق کے ثابت قدم رہے
ٹھہرا نہ اونکے سامنے رستم نکل گیا

اوسنے نہا کی زلف نگوڑی بھلا ہوا
جو اس سیاہ مار میں تھا سم نکل گیا

اگر دو چار ہوتا اور بھی مجنوں تری مجنوں
تو اے وحشی نگہ دشت جنوں آباد ہو جاتا

ظفر ہوتا ہے رنج و غم میں دل کیسا ہی آلودہ
مگر صورت کو اوسکی دیکھکر ہی شاد ہو جاتا

غیر کی ہاتھوں سے پی تو نے شراب اچھا کیا
رشک سے دلکو کیا میرے کباب اچھا کیا

کھو دی میری آبرو رو رو کے یوں یار مین
تو نے رسوا مجکو اے چشم پر آب اچھا کیا

کہتے ہیں کیسے دوا اوسکی لوگ دیوانہ مجھے
یار نے مجھکو عنایت یہ خطاب اچھا کیا

شکوہ میں کس کس طرح اپنی کا گردن پی لا
جو کیا تو نے سوا اے خانہ خراب اچھا کیا

ہوتا ہے جلنے سے نہ برسوں میں بھی جنکا لطف
اے اجل تو نے اسے اگر شتاب اچھا کیا

سوز دل سے آمد ہیں آتش دوزخ میں ہم
عشق نے ہمکو گرفتار عذاب اچھا کیا

اپنے ابرو پر بنایا نقطہ خال سیہ
واہ وا کیا تمنے مطلع انتخاب اچھا کیا

لیکیا کو جبین اوس نے پیدا اگر کیوں مجھے
یہ نہ تو نے اے دل پر اضطراب اچھا کیا

مکر تھے تو ہوا خط کی طرح قاصد مگر
جو کیا اوسنے ظفر اوس سے جواب اچھا کیا

حال غم لکھکر تجھے بھیجوں بہت گمراہ کیا
تجکو اے بندے خدا گر ہے مری پرواہ کیا

قامت رعنا کا تیری جیسی ہے ہمکو خیال
دل سے نکلی ہے ہماری ایک سیدھی آہ کیا

یہ طرح چاہ زنخدان کی ہوئی ہے دلکو چاہ
دیکھیں ڈوبا وانڈول کرتی ہے اسے چاہ کیا

لاغر ایسے عشق نے دیکھو لگا کر ہے مجھے
اوڑتا پھرتا ہوں ہوا میں برگ کاہ کیا

زمانہ نے دیستی بلندی الیسی دکھائی ہمکو پس از فنا بھی
غبار اپنا جو ای ظفر ہی زمین سے اونچا فلک سے نیچا

تو مری لاش پہ قاتل نہیں دم بھر روتا — خون کے اشکون سے ہی پر تن ترا خنجر روتا
یون تو ہان شیشہ کو ہی ابر بھی روتا لیکن — نہیں ایسی یہ دیدۂ گریان کے برابر روتا
ای ستمگار تری ہاتھ سے دلسوز ترا — شمع کی طرح سے جل جل کے ہی اکثر روتا
رہتی تاثیر نہیں آہ و فغان میں ورنہ — ہو کے پانی مری فریاد سے پتھر روتا
تجھکو آتی ہی ہنسی یہ بھی نصیبوں کا لکھا — ورنہ ہی غیر بھی خط کو مرے پڑھکر روتا

ق

بزم عالم میں ہم شادی و غم ہین دو نون — ایک ہنستا ہی ظفر ایک ہی یان گر روتا
دیکھ لو آنکھ سے گر ساغر می ہنستا ہی — ہچکیاں لیکے ہی شیشہ بھی مقرر روتا

دیگر

طوفان بپا یہ گریہ کی شدت نے کیا کیا — مجھکو ڈبو دیا غم الفت نے کیا کیا
خواب عدم سے کشتہ کو تیری جگا کی پھر — فتنہ اوٹھایا شور قیامت نے کیا کیا
پروانہ کو جلا کے کیا ایکدم میں خاک — ہے ہے ستم یہ سوز محبت نے کیا کیا
تو کرتا کس امید پہ غافل ہی جمع زر — مارونگ کے ساتھ دیکھ تو دولت نے کیا کیا
دلکو رکھا تھا مینے بڑی احتیاط سے — کیا جانی لیکے کان ملاحت نے کیا کیا
مجھسے جو کچھ کیا سو محبت نے آپ کی — ای مہربان کسکی عداوت نے کیا کیا
اوس بیوفا پہ مجھکو کیا مبتلا ظفر — مجھسے سلوک یہ مری قسمت نے کیا کیا

وفا کا کرکے تو اقرار ہم سے ہو گیا منکر
تری الفت سے ہمنے ہاتھ اس انکار پر کھینچا

جلا دیگا جہانکو دیکھ لینا یہ دل سوزاں
جو نالہ اپنے اور اک آہ آتشبار پر کھینچا

خط رخسار کو تیرے جو دیکھا آگے گلشن میں
قلم سب خوشنویسوں نے خط گلزار پر کھینچا

ہوئی کچھ تو دل بلبل کی اپنی صورت سنگیں
تری تصویر کو جب سینۂ افگار پر کھینچا

دل زخمی سے اپنے ناوک دلدوز کو اسکے
اگرچہ کھینچنا تھا اے ظفر دشوار پر کھینچا

لب نازک پہ نہیں رنگ مسی کا اودا
صدمۂ بوسہ سے لب ہو گیا تیرا اودا

رخ خورشید پہ ہے ابر بہاراں کا نقاب
یار کے چہرۂ روشن پہ دوپٹا اودا

آب گریہ میں ہماری فلک نیلی فام
نیلوفر کا سا کوئی پھول ہے اودا اودا

سرمہ آلودہ تری اشک نے خط جدول
نسخۂ رد کتابی پہ ہے کھینچا اودا

ہے نہاں پردۂ ظلمات میں ضیا آب بقا
بر میں اوس جان جہاں کے نہیں جوڑا اودا

لکھتا شنگرف سے شب جونکا اشارہ ہے یہ
ہاتھ تجھ کا نہ مری قاتل کے نہ آیا اودا

ہے فلک پر ظفر اس دود جگر سے یکسر
طرفہ جام زر خورشید پہ مینا اودا

سرد مہری سے تری دل ہوا ایسا ٹھنڈا
کہ پسینا بھی بدن پر مرے آیا ٹھنڈا

تپش دل نہ ہو کم گرچہ مرے سینے پر
رکھے صندل میں کوئی رنگ کے کیسر ٹھنڈا

غم کی گھاٹی یہ گرمی ہے کہ جی جاتا ہے
پانی اسوقت پلانے کوئی ٹھنڈا ٹھنڈا

ہوتا نہ کیونکہ ای مہ کامل تجھے زوال
باعث تری زوال کا تیرا کمال تھا

بعد فنا بھی عشق بت سیمتن مین یان
اندوہ و درد و رنج سے دل مالامال تھا

فرعون نے خدائی کا دعوی کیا جو یون
دیکھا نہ ای صنم ترا جاہ و جلال تھا

امید روز وصل مین تجھ بندگی ہوئی
اپنا شب فراق مین جینا محال تھا

کہتے ہین جسے ہجر مین یہ کرکی یاد ہم
کوئی زمانہ وصل بھی خواب و خیال تھا

بخشش طفیل شاہ رسل اپنی ہو گئی
ورنہ گناہگار ظفر بال بال تھا

پیش رقیب یون گھونگھٹ اٹھا لو اپنا
یہ کیا کہ دیکھ ہمکو تم منہ چھپا لو اپنا

چھپ جائے چھپ کے جیسے کہ ابر سیہ مین خورشید
زلفون سے رخ روشن جب تم چھپا لو اپنا

دم ہی نکال لو تم اس سے مرا ایسے
سینے سے پر نہ میرے پیکان نکالو اپنا

بوسہ نہین جو دیتے ہمکو عدو کے آگے
گالی بھی دو نہ دیکھو تم منہ سنبھالو اپنا

دلمین تو تم ہو آئی ڈرتا ہون جس غم
جان پر نہ رفتہ رفتہ قبضہ بٹھالو اپنا

معشوق حق پرستی کیسا ہی گر ہو کوئی
دم مین تو اوسے تم بندہ بنا لو اپنا

کہتا ہے دل یہ مجھ سے جون نقش پا ظفر تم
چلکر اوسی کے در پر بستر بچھا لو اپنا

خط تو مجھے اپنا مرغ نامہ بر لیکے اوڑا
نالۂ دل پہلے ہی اوسکی خبر لیکے اوڑا

بوسۂ ابرو طلب کرتا ہون تو مرا
ہاتھ مین شمشیر اپنی فتنہ گر لیکے اوڑا

روتی نہین ہی شمع مرا حال دیکھکر
آتش کا ہو گیا ہی یہ زہرہ پلنگ آب

خط سے نہ غم ہو کیونکہ رخ یار کی چمک
جاتی رہی ہی آئینہ کی زیر زنگ آب

یون خط سبز کی ہین تصور مین اشک سبز
کاہی ہی جسطرح کہ بجاے زنگ آب

عارض پہ تیرے ہو عرق افشان کبھی جو زلف
پھر جاے یک بیک ہر ملک فرنگ آب

مین تشنہ لب ہون جام شہادت کا ہمدمو
آتی ہی مجکو دیتے ہو لیکے تمہارے تفنگ آب

مژگان مین لخت دل ہی کہان تیر نیستان
آتا ہی دیکھو پینے کو بالاے کلنگ آب

تو جلد جام حلقۂ جوہر سے دے مجھے
اس اپنی آب تیغ سے اے خانہ جنگ آب

دل کی ظفر ہے بحر محبت مین زندگی
یان یعنی سچ ہی یہ کہ ہی جان نہنگ آب

خال رخ سے ہو سر قطرہ ہی مین پسینی کی قریب
یا دھرے ہیری ہین نیلم کو نگینے کی قریب

ناوک افگن تری الفت نے دکھائی تاثیر
روزن اک در ہوا روزن سینے کی قریب

ساغر عشق کو ساقی ازل نے جو بھرا
پہلے جا بیٹھی ہمین واسطے مینی کی قریب

اب تلک شہر بدر ہی ہمین سمجھے وہ تمام
ہمکو یان آئے ہوا ایک مہینے کی قریب

سینہ صافون سے بھی تم دور جو بھاگو افسوس
کہ نہ وہ بغض کہ ہین پاس کمینے کی قریب

کبھی لگجاے او تیر تو ہوے شاید ٹھوکر
اس تمنا مین پڑا ہون تری زینے کی قریب

ہے نگہبان دل پر داغ کی آہ پر درد
ہمنے یہ سانپ بٹھایا ہی خزینے کی قریب

خال یہ متصل ناف نہین تیری کہ ہے
لجہ حسن مین ملاح سفینے کی قریب

دل جو اوسکے ہے زلف سے اوسکی
اسکو سودا ظفر ہوا ہے ہیچ

ردیف حای مہملہ جلد اول

تو نے رخ پر زلف کا حلقہ بنایا بے طرح
مرغ دلکو دام میں کافر پھنسایا بے طرح

دیکھیے شبخون کا کسکے ارادہ ہے کہ آج
آپ نے کالی مسی کو پان کھایا بے طرح

خط کے آنیسے تسلی دلکی ہوتی ہے کہ اب
یکقلم لکھنے سے ہاتھ اوسنے اوٹھایا بے طرح

ہے ارادہ خاک میں کسکو ملانیکا تجھے
سرمہ آنکھوں میں جو اب تونے لگایا بے طرح

باغ میں جلوہ تمہارا دیکھ خط سبز کا
منفعل ریحان نے ہوکر زہر کھایا بے طرح

محو نظارہ رہیگا اپنی صورت کا وہ آہ
آئینہ یارو اوسے تمنے دکھایا بے طرح

پنجۂ مژگان سے کب رکتا تھا طفل سرشک
آخرش سر پر یہ طوفان لایا بے طرح

بنگیا ہے سربسر سینہ مرا آتشکدہ
سوز الفت نے مرے دلکو جلایا بے طرح

چاہ میں افسوس سنگ نادانی کی یارو کیا کہا
ہائے کمبختی نے مجھے دل نے ڈبویا بے طرح

ہم نہ کہتے تھے ظفر دل مت لگا ہر ایک سے
دیکھو تو اوسکا مزہ آخر کو پایا بے طرح

ہم مانتے ہیں کب کسی غمخوار کی صلاح
اپنی وہی صلاح کہ جو یار کی صلاح

اوس بیوفا کی ہو نہ سکی ترک دوستی
یہ ہمنے اور دل ہی نے کی یار کی صلاح

مانگی گرمی میں جو پانی بہر رفع تشنگی
اوسکی عکس روی گلگون سے ہوا آب برف سرخ

گر نہیں ہے سر پہ خون اوسکی کسی بیجرم کا
ہین کلاہ قاتل سفاک کی کیون طرف سرخ

اشک خونیں پاس ہیں اپنے سے زر سرخ و سفید
گہہ سفیدہ صرف ہم کرتے ہیں گاہی زر سرخ

ٹپکے اشک سرخ کا قطرہ جو میری چشم سے
ای ظفر ہو جائے اکدم میں آب رف سرخ

ردیف دال مہملہ جلد اول

قدر ای عشق رہیگی تری کیا میرے بعد
کہ تجھے کوئی نہیں پوچھیگا میرے بعد

زخم پر جیسے لگے گوارا ہے مجھے کو نمک
کون چکھیگا محبت کا مزا میرے بعد

در جانان سے مری خاک کو نا برباد
دیکھیو جانا نہ ادھر باد صبا میرے بعد

خار صحرا ای جنون یونہیں اگر تیز رہے
کوئی آئیگا نہیں آبلہ پا میرے بعد

میرے دم تک ہی ترا ای دل بیمار علاج
کوئی کرنیکا نہیں تیری دوا میرے بعد

اوس ستمگر نے مجھے جرم وفا پر مارا
کوئی لینے کا نہیں نام وفا میرے بعد

ای ظفر کیونکہ محبت کو نہو غم تیرا
کوئی غمخوار محبت نہوا میرے بعد

دل لیا اپنے کو ہر وقت وہ دلدار ہی موجود
بوسہ جو طلب کیجیے تو انکار ہی موجود

یا قتل کرو یا مجھے تم دار پہ کھینچو
اب آگے تمہارے یہ گنہگار ہی موجود

زخم تیغ عشق کھانیکا ہمین ہی چسکا لذیذ
اور نمک پاشی بھی ہو تو پھر مزہ داری ہی اور

چار عنصر کے احاطے مین ہی کچھہ جلوہ عجیب
دیر و مسجد کی الگ یہ چار دیواری ہی اور

دیکھئے تاثیر اپنے نالہ ہاے زار کی
ہنسنے جانا ہی ظفر یہ نالہ و زاری ہی اور

گردش چرخ سی ہی سب کو زمین پر چکر
اک نیا روز یہ لاتا ہے ستمگر چکر

دل کو یون زلف کے حلقے مین ہی آکر چکر
جیسے گرداب مین کھاتا ہی شناور چکر

ٹھہر نہ دے ہے کسی چین سے یہ گردش چرخ
آسیا بنکے سدا کھاتے ہے پتھر چکر

تیر مژگان سی اگ پیچ بھی گیا دل تو نہین
گردش چشم نے مارا تری کافر چکر

رفعت جاہ یہ بھی گردش طالع کئی
کھاتے ہین دیکھو فلک پر یہ اختر چکر

ہرزہ گردی کو مری دیکھکے کہتا ہی شوخ
ہی تری بات نہین دیوانے مقرر چکر

نہ سمجھہ اسکو بگولا یہ کوئی سرگردان
کھا رہا دشت مین ہی خاک بھی ہوکر چکر

شعلہ خوبی یہ تری ہوے بلا گردان ق
کھائے جون شعلہ جوالہ سراسر چکر

ٹھہرے گر چاک گریبان یہ کوئی تار رفو
دست وحشت سی رفو ہووے رفو در چکر

پھر تا محفل مین ہی کیا چاک یہ بھی پھرتا تھا
ساقیا کھائے ہی اول ہی ہی ساغر چکر

اشک سی دیدہ تر آب کے مثل گرداب
ای ظفر بحر تو کیا کھاے سمندر چکر

جو عرش سی ہے فرش تلک وہ ہمین ہی تو دیکھہ آنکھہ کھولکر

ای ظفر اوس سے کوئی کہتا نہین
جا کے اتنا بھی کہ سُن او گلعذار

وفور گریہ سے چشم پرآب کے اندر	دکھایا ہمکو سمندر حباب کے اندر
نگاہ مست مین ساقی کی ہی جو کیفیت	بھلا کہان ہی وہ مستی شراب کے اندر
برنگ شعلۂ فانوس ہو نہ پوشیدہ	تمھارا عارض روشن نقاب کے اندر
ذرا بچشم حقیقت ہو گرم نظارہ	وہی ہی ذرے مین جو آفتاب کے اندر
اگرچہ صاف ہی دل سادہ لوح پر ایمن	جو دیکھا ہمنے نہ دیکھا کتاب کے اندر
کہان ہی سینے مین پیکان کہ وہ تو ہی چھپا	چھپا ہوا دل پر اضطراب کے اندر

ہماری آنسوؤن مین یون ہی راز عشق ظفر
کہ جسطرح سے ہو خوشبو گلاب کے اندر

دکھا سکے لاکھ وہ شاہ و وزیر کا محضر	سند نہ رکھیگا کوئی فقیر کا محضر
بروز حشر دکھا دیگا یہ دل پر داغ	خدا کے آگے تمھارے اسیر کا محضر
فلک کے صفحہ پہ جون مہر و مہ کی مہر نہین	مگر یہ ہی کسی روشن ضمیر کا محضر
جگر پہ ہو سکے نہ تو داغ یہ سمجھ گلگیر	ہوا ہی تجھ پہ یہ شمع منیر کا محضر

ظفر نہین ہے کسی وجہ سے مورد تقصیر
یہ چاک ہوگا تمھارے بشیر کا محضر

آئی گلشن مین بہار آدل غمناک بہا	گر نہو وہ گل خوبی تو ہی کیا خاک بہا

پڑی ہے شراب مین گر عکس روے ساقی کا
فزون ہو نور سے خورشید کے ایاغ کا نور

کمر کو اوسکی شب تار زلف مین ڈھونڈھے
کہان ہے عقل مین یہ طاقت سراغ کا نور

وہ ماہ باغ مین جسوقت چاندنی دیکھے
تو دیکھے پھر کوئی اوسوقت صحن باغ کا نور

کرے جو خال رخ یار سے وہ ہمچشمی
تو پھر یقین ہے کہ اوڑ جاے چشم زاغ کا نور

بغیر تیرے ہے عاشق کی حق مین نار سقر
چراغ محفل یاران خوش دماغ کا نور

فروغ بخش ظفر قانعون کے چہرے پر
ہمیشہ اونکو ہے دکھاے بافراغ کا نور

عشق مین کبتلک جئین ہم اپنا سینہ کوٹکر
جی مین ہے کھا جائین ہیرے کا نگینہ کوٹکر

واہ وا کیا صانع قدرت نے آنکھین تیری
بھر دیے موتی سے ای ماہ شبینہ کوٹکر

تیغ ہمسر تیرے ابرو کی نہ کوئی بن سکے
تیغ گر رہ جائین لوہا بے قرینہ کوٹکر

ہاتھہ ٹوٹین محتسب تیرے کہ تونے سنگدل
ریزہ ریزہ کردیا پتھر سے مینہ کوٹکر

گر کبھی ہو وصل کا مکتب تو ہم اوسکی عوض
دن گذارین چھاتی اپنی اک مہینہ کوٹکر

پارہ پارہ کردیا سنگ ستم سے ہے ستم
ای پری رو تونے دلکا آبگینہ کوٹکر

ظلم بد جو ہے کیا نقصان شریفونکو ملے
کب گھٹاے زر ظفر لوہا کمینہ کوٹ کر

ردیف رای مہملہ جلد چہارم

دن اور ہے رات اور زمین اور زمان اور
رہتے ہین خود رفتہ جہان سے وہ جہان اور

اک بار جو دیے نذر دل و جان ترے دونون
اب کیا تجھے دین ہم کہ نہ دل اور نہ جان اور

قیمت نیم نگہ دیتے ہیں عاشق دو جہان
کر دیا عشق نے یہ حسن کی بازار کو تیز

ای ظفر دیکھیے کیا ہو کہ وہ سفاک جہان
آج پھر دیکھتا ہے اپنے گرفتار کو تیز

اگرچہ منزل رشک قمر ہی دور و دراز
ہہونچتا اپنا بھی پیک نظر ہی دور و دراز

خدنگ ناز سے کہدو کرونہ کوتاہی
کہ عرصہ دل سے نہیں تا جگر ہی دور و دراز

پہونچتے ہیں کہیں مر مر کی تا بمنزل
عزیز دراہ عدم اسقدر ہی دور و دراز

نہ روک تو ہمین جانے دے تجکو کیا ناصح
بلا سے راہ محبت اگر ہے دور و دراز

سراغ پائے کوئی کیا کہ لیگیا دلکو
عدم سے بھی وہ خیال کمر ہی دور و دراز

کہان ہی نالی کی طاقت کہ دم کو سینے سے
لبون تلک مری آنا سفر ہی دور و دراز

خرام یار کے نزدیک ہے بہت نزدیک
وگرنہ فتنۂ محشر ظفر ہے دور و دراز

ردیف زای معجمہ جلد سوم

گر تو خوشی سے حرف و حکایات چندروز
ای یار پھر کہان کہ یہ ہی بات چندروز

دنیا مثال فاحشہ جاتی ہی جسکی پاس
رہتی ہی اوسکے پاس بہ ذات چندروز

تو جانیگا گرم وہ سرد زمانیکو اسلیے
گرمی کبھی ہی اور کبھی برسات چندروز

بیٹھا ہی اعتکاف مین زاہدونکی طرح
تو اوٹھکے کرلے سیر خرابات چندروز

جا پڑے تو نہ جیب ظفر ذکر زلف یار
ہو جائیگا زیادہ وگرنہ سخن دراز

ردیف زای معجمہ جلد چہارم

جسطرح کھینچے ہے دلسے آہ یہ دلگیر تیز
اسطرح نکلے کمان سخت سے کب تیر تیز

سوزش دل نے جلا کر مجکو خاکستر کیا
کر دیا اس آگ کو تو نے تو اے تقدیر تیز

کند کر دل کو نہ وقت ذبح اپنے صید کے
کر لے تو اپنی چھری ظالم دم تکبیر تیز

پھر لگے کاغذ کے گھوڑے دوڑنے چار و ناظر
پھر لگی ہے جو زبان تحریر پر تحریر تیز

روبرو اوسکے رہی تیزی نہ یاں کیا مجال
کر رہی ہیں بیٹھے بیٹھے ہم یہیں تقریر تیز

قتل کرنا کسکا ٹھہرا دیکھیے مد نظر
اوس نگہ نے سنگ سرمے سے جو کی شمشیر تیز

جتنی تصویریں مرقع میں ہیں عالم کی ظفر
سب سے ہے اوس عالم تصویر کی تصویر تیز

رہیگا تا بہ دم واپسیں نشیب و فراز
کہ دم کے ساتھ ہے اے ہمنشیں نشیب و فراز

سمجھتا آپ کو اونچا ہے اور کو نیچا
کھلے گا تجکو یہ زیر زمیں نشیب و فراز

قدم سنبھال کے رکھنا کہ راہ عشق میں ہیں
ہزاروں ہی دل اندوہگیں نشیب و فراز

کبھی ہے سر تہ خنجر کبھی سناں پہ تری
دکھاتی ہے یہ تری طرز کیں نشیب و فراز

جو پھر کے آئے مسافر کوئی تو ہو معلوم
عدم کی راہ میں ہے یا نہیں نشیب و فراز

[illegible]

دیکھ اے ابر بہاری تو نہ کر ہمچشمی
لعل و گوہر ہیں مری دیدۂ خونبار کے پاس

پھیلا گل یہ جو بھنورا ہو تو کچھ دور نہیں
دیکھو ہے داغ جگر میرے دل زار کے پاس

منکشف کیوں نہ ہو آثار محبت مجھ پہ
قبر عاشق کی ہے ظالم تری دیوار کے پاس

حلقۂ زلف دوتا سے ہو کے نہ ہو کیونکہ قریب
رکھنی قاتل کو سپر چاہیے تلوار کے پاس

سوزش عشق میں دل کیوں نہ ہو بیتاب ظفر
جانے دیتا نہیں کوئی مجھے اوس یار کے پاس

آبلہ پیدا ہوا داغ دل مضطر کے پاس
چاہیے تھا واقعی شیشہ بھی ان ساغر کے پاس

زلف تو شستہ نہیں خال رخ دلبر کے پاس
شاخ سنبل باغ میں طرفہ ہے نیلوفر کے پاس

جیسے دلکو متصل رکھتا ہوں میں تصویر یار
اور ہی صورتکا جلوہ ہے خدا کے گھر کے پاس

دل عبث ہمنے دیا ہے ای بت کافر تجھے
لعل کی کیا قدر ہو جب ہو تجھ سے پتھر کے پاس

میں تو سایہ بھی اوسکی مانگتا ہوں اے خدا
ہو جو دیوانہ سو جاوے اوسی پیکر کے پاس

ابر کی کیفیت جانی ہیں چھاتی نہیں
بادۂ گلگوں ہے ساقی رکھدے شیشہ ہر کے پاس

زلف کے کشتہ کا تیری ہے جہاں مدفن ویران
جا نہیں سکتا کبھی کالا بھی اژدر کے پاس

آفرین تجھکو ظفر ہو کیوں نہ شاگرد نصیر
اس غزل کو جا کے پڑھ ہر ایک دانشور کے پاس

خموش کیوں نہ ہو مرغ فلک دماغ قفس
ہزار حیف کہ ہو ہمصفیر زاغ قفس

قفس کو چاک میں کل کھینچے ست اوٹھا تھا
کہ مہر بلبل شیدا ہے یہ چراغ قفس

[illegible]

ردیف صاد مہملہ جلد چہارم

نسیم گیسوی عنبرین سے ترے وہ ہمسر کبھی نہ ہوگا
ہزار عنبر ظفر سنگھائی کہیں سے ای پرحجاب خالص

ردیف صاد مہملہ جلد دوم

ہمین ہی ایک اوسی گلعذار سے اخلاص
اوسی بیزار سی الفت ہزار سے اخلاص

برابر اپنا ہی ہر ایک یار سی اخلاص
نہ یہ کہ چار سی نفرت تو چار سے اخلاص

جو میرا دشمن جان ہو وہ ہو وسیکا دوست
کرے ہی کب وہ کسی دوستدار سے اخلاص

ملا نا خاک مین ہے اور بھی سو منظور
بڑھایا تم نے جو اس خاکسار سے اخلاص

نہ بول مجھہ سی تو ناصح کہ مین ہون دیوانہ
تو ہوشیار ہی کر ہوشیار سے اخلاص

ہر ایک شخص سے اخلاص ہی پیارا تیرا
مگر نہیں اسی تقصیر وار سے اخلاص

بغیر رنج و مصیبت سوا حسرت و یاس
رکھے ہے کون دل بیقرار سے اخلاص

غرور تھا ہمین کیا اپنی پارسائی کا
نتھا ہمارا جب اوس بادہ خوار سے اخلاص

جہاں مین جتنے کہ ہین بدنصیب بدقسمت
ظفر وہ رکھتے ہین اس بد شعار سے اخلاص

لبو نے منفعل اوسکے شراب ہو خالص
خجل پسینے سے رخ کی گلاب ہو خالص

فلک خلوص سے بیزار ہے عجب کیا جو
جو سیم ماہ و زر آفتاب ہو خالص

بلا سے گر نہیں ساغر میں اپنی بادہ ناب
جگر کا خون ہی چشم پر آب ہو خالص

ردیف ضاد معجمہ جلد اول

ہے نفحت فیض روحی سے ظاہر اے ظفر
جو کہ پہونچا خالق کونین سے آدم کو فیض

ردیف ضاد معجمہ جلد چہارم

زلف سے اوسکے یہ کیا اس مبتلا کو ہے غرض
سر پہ لے ناحق بلا کسکی بلا کو ہے غرض

جو ہوا اے شوخ بیمار غم فرقت ترا
نے شفا سے اوسکو نے اوس سے شفا کو ہے غرض

دل مرا ہو رشک سے خون یہ فقط مقصود ہے
ورنہ اوسکو دست و پا سے کیا حنا کو ہے غرض

جان و دل ایمان و دین جو کچھ تھا لینا لے چکا
اب ہے کیا ہمسے اوس کافر ادا کو ہے غرض

اے ستمگر اے وفا دشمن تری بیداد سے
بیوفا کو کیا غرض ہے باوفا کو ہے غرض

امتحان برش تیغ نگہ منظور ہے
قتل سے میرے نہیں اوس پر جفا کو ہے غرض

آشنائی بے غرض ہے کون دنیا میں ظفر
پڑتی سو بار آشنا سے آشنا کو ہے غرض

ردیف طای مہملہ جلد اول

بت کشمیر کی آیا جو نہیں طرف سے خط
کھل گیا راہ میں شاید کہیں اب بے ربط سے خط

باندھی ہے اوسنے کمر قتل پہ شاید ہمدم
لکھہ کے بھیجا ہے جو خونخوار نے شنجرف سے خط

عمر کی صرف اسی بحث میں تو نے نادان
لکھنا آتا ہے کوئی نحو سے او صرف میں خط

ہوا اتھا کل جو مرا خط بلنگ یار پہ گم
سو یار سے آج وہ پایا نوار مین سر خط

جو خوشنویس ظفر کچھ بگاڑ کر لکھے
دکھائی اور ہی حسن اس نگاڑ مین سے خط

لکھ کے بھیجین اونکو ہم کیا خاک خط
بن پڑھے کر ڈالتے ہین چاک خط

دور گھر ہی یار کا جائے نہ جائے
لیکے کوئی قاصد چالاک خط

مانگ اوسکی یاد آئی دیکھکر
کہکشان کا شب سر افلاک خط

تر نکر اشکون سے کاغذ بسبر
لکھنے دے اے دیدۂ نمناک خط

تیغ بران سے تری پڑتا نہین
نلے قضا اے قاتل سفاک خط

تونے کیا لکھا تھا جو رونے لگا
پڑھکے تیرا عاشق غمناک خط

حاسدون سے ناک مین دم ہے ظفر
دیدو چاقو سے پکڑ کے ناک خط

ہمدمو عشق کی نہ پوچھو شرط
جان دیتے ہو تو کچھ ادا ہو شرط

جو تمھاری نہ جائیگی بدلی
اسمین جو چاہو تمسے بدلو شرط

اپنی ہمکو رہائی سے منظور
ورنہ تم اور ہمسے جیتو شرط

دل بیمار کے علاج مین ہے
وصل دلدار اے طبیبو شرط

دل بند تار زلف ہے سو نہین چھٹتا
اسکے چھٹنے پہ تم نہ باندھو شرط

یون کسیکو سے ہے کون دیتا دل
دلبری بھی سے ہے دلربا کو شرط

دل عاشق جمال ہی مفتون خال و خط | جان وحشی نگاہ ہی مجنون خال و خط

کیا خوب نقطہ رکھتا ہی کیا خوب دائرہ | صفحے پہ روی یار کی یہ نون خال و خط

خورشید زیر ابر ہے رخسار تابناک | پوشیدہ زیر کشش شبگون خال و خط

سنبل قرین سوسن و ریحان ہی باغ مین | گیسو ہی سمجھو یار کے مقرون خال و خط

زیبا ہے اوسکی کشور حسن و جمال مین | آئین ناز و غمزہ و قانون خال و خط

دکھلا دیا نوشتہ مرا ایک قلم مجھے | مین تیرہ بخت ہون ترا ممنون خال و خط

ہر شب تصور رخ جانان مین اے ظفر
کیا کیا ہین سوجھتے مجھے مضمون خال و خط

ردیف ظاے معجمہ

ابر مژگان سے مری جاتا رہا عالم کا قحط | بہتے ہین دریا وہان تھا جہان شبنم کا قحط

ہمنے رنج اتنے سہے باقی رہا کوئی نہ رنج | ہمنے غم کھائے یہانتک کہ گیا اب غم کا قحط

اس دل بیمار کو لیجاؤن یارب کس کے پاس | ہو گیا عالم مین خوبان مسیحا دم کا قحط

کوئی غنچہ بھی شگفتہ اس گلستان مین نہین | ہو گیا از بسکہ دلہا ہی خوش و خرم کا قحط

دیکھئے جوبن اپنے دلریشون کی قسمت کی کہان | ہی سما زخم و نمک کا اور ہی مرہم کا قحط

کہتے ہین خوش ہو کے اپنے دل مین پیر در مغان | قحط دریا ہے بلا سے پر نہین ہی سم کا قحط

یون تو ہین آدم ہی آدم سب جہان مین اے ظفر
پر جو دیکھا غور سے ہی کام کے آدم کا قحط

شمع سے گلگیر کیا تاج زر کی احتیاط | گلشن مین جب نہ اوس سے اپنے سر کی احتیاط

ردیف ظای معجمہ جلد چہارم

مجھے تو وقت سخن شوخ تند خو سی لحاظ
اوسی نہ شرم کسو سے نہ ہی کسو سے لحاظ

بھر آیا دل مرا سو بار پر نہ رویا مین
رہا یہ مد نظر پاس آبرو سے لحاظ

چمن مین آنکھ جھکائی کھڑی ہی کیون نرگس
اگر نہین ہے کسی شوخ لالہ رو سے لحاظ

وہ بیحجاب ہو گیا ایک ساغر مے سے
کہ ٹوٹی جسکا نہ سو شیشہ و سبو سے لحاظ

جہان مین پائیگا کیونکر وہ گوہر مقصود
جسے تلاش سی ہو شرم جستجو سے لحاظ

لحاظ ہی یہ فقط تیری دوستی کا ہمین
تری جو بزم مین کرتے ہین ہم عدو سے لحاظ

قسم ہی خنجر قاتل تجھے مری سر کی
جو وقت ذبح کرے تو مری گلو سے لحاظ

چمن سے آگئے نہ پردہ تا سر بازار
اوڑ گئی گل جو نہ اظہار رنگ و بو سے لحاظ

صفائی دیکھ ظفر آئینے کی دیدے کی
نہ خوبرو سے ہی اوسکو نہ زشت رو سے لحاظ

ردیف ظای معجمہ جلد سوم

ردیف ظای معجمہ جلد دوم

کری ہی فتنہ تری چشم فتنہ زا کا لحاظ
یہ وہ بلا ہی بلا کو ہی اس بلا کا لحاظ

نہ کی شکایت ظلم و ستم کبھی مینے
رہا سدا ہے مجھے اوس شوخ پر جفا کا لحاظ

فلک پہ کیون رہی ستارہ سحر وہ نہ تو
جو ہو نہ اوسکو تری لعل کف پا کا لحاظ

دل وہ سکی جنبش مژگان سے کیون جفا نگری
کہ اس مریض کو ہان چاہیے ہوا کا لحاظ

اوٹھا کے آنکھ نہ دیکھا چمن مین نرگس نے
رہا جو اوسکو تری چشم پرحیا کا لحاظ

ردیف ظای معجمہ جلد اول

کچھ ہو دیوے گی گھر میں نہیں روشنی کا کام — فانوس کب ہے خانۂ زنبور سے چراغ

اللہ ری تجلی انوار حسن یار — ہے جسکے گھر میں روشنی طور سے چراغ

روشن ہو آفتاب قیامت کا اے ظفر
ہم دل جلوں کی شمع سر گور سے چراغ

کچھ بات کہدیں مصلحتاً تجھسے ہم دروغ — ہے بت قسم نکھائیں خدا کی قسم دروغ

قاصد خط اوسنے لکھکے جو بھیجا کبھی کیا — تحریر جو ہے اوسمیں وہ ہے یکقلم دروغ

ابرو کو اوسکے کہتے ہیں سب تیغ اصفہان — ہے اصفہان میں کہاں ایسا خم دروغ

غم کھا کھا کے جان مری لب تک آگئی — وہ اب جتاتے ہیں مرا حال غم دروغ

بولے تو کچھ کہا نہیں تم کہتے ہو کہا — کیا بیٹھوں اوس فروغ کو ہے یہ ستم دروغ

سچا ہے ان زبانیں وہ بھی کہ جسکے ہو — کچھ راستی سخن میں سوا اور کم دروغ

حق ہے دروغ گو کو نہیں حافظہ ظفر
جاتا ہے بھول کرکے جو وعدہ صنم دروغ

ہمارے قتل کو تو نے نہ بر روانی تیغ — ترا ہے ابروئے پر خم خود اصفہانی تیغ

جہان کو کشتہ کیا اے کشندۂ عالم — تری نگہ ہے غضب وقت ظلم رانی تیغ

ترا ہے عکس کا یہ دریا میں عکس جبین — ہر ایک موج سے دکھلاتی ہے جو پانی تیغ

چھٹے عذاب سے تیرا اسیر رنج و الم — کرے جو اوسپہ فدا تیری مہربانی تیغ

قد کشیدہ ترا سیف ہے مرے حق میں — نہ کھینچ مجھپہ عبث اے عدوئے جانی تیغ

ردیف قاف جلد دوم

پیام کسکا یہ لایا کہ اتنا گرم آیا
روان ہی جو مری قاصد کے تن سی عرق

چمن پہ اوس سی پڑ جاتی دیکھکر اکبار
تمھاری رخ پہ نمایان ہی اس جبین پہ عرق

نہ سمجھو شبنم اسے دامن اپنا چھوڑ دیا
صبا نے پونچھ کی پیشانی چمن سے عرق

مریض عشق کو تیری ہی یا ہی شربت سیب
اگر نمود ہو تیرے لب و ذقن سی عرق

عرق عرق ہی خجالت سی دیکھکر کسکو
اٹپک پڑا ہی جو یون شمع انجمن سے عرق

ظفر سناؤن جو یارون کو مین بھی گرم غزل
تو آئی جا ہی انھین گرمی سخن سے عرق

یون تو مدت سے ہی الطاف و عنایات مین فرق
لیکن ایسا نہو آجا ہی ملاقات مین فرق

پہونچے کیا حسن کو اوس تک لقا کے لیے
فرق دونو مین ہی یون جیسی ہو دن رات مین فرق

دو نون مین جا ہی تماشا جو تماشا دیکھو
کچھ نہین خانقہ و کنج خرابات مین فرق

دل و جان اسمین اگر جا بلا سی جائے
غم جانان کی اگر کچھ اسے مدارات مین فرق

ربط دو دلمین ہو سو سمجھان مشکل دو
ہے عجب بات کہ آتی ہی وہان اک بات مین فرق

تیری شوخی کی ہین انداز سمجھنی مشکل
چشم و ابرو ہی دی یہ اشارات مین فرق

ای ظفر چاہیے درویش کو ضبط اوقات
ذکر اور شغل کہان جبکہ ہو اوقات مین فرق

نہ پہنچ ہمسے بہت گفتگو طراق پڑاق
وگرنہ ہو وہ ابھی پھر دو بدو تراق پڑاق

چٹک کی بولا نہ اتنا چمن مین غنچۂ گل
سے کلام جو تیری ہو طراق پڑاق

نکلے ہی جو یون داغ بدل خاک سے لالہ
ٹھہرائے لگے آتش دوزخ تو عجب کیا
کیا فائدہ اشکون کو اگر چشم مین روکا
بجلی گرے ای چرخ اگر اوس سینہ بلا سے

ہے زرد بزیر زمین کیا کوئی نقشہ جگر عشق
دکھلائے شرارت اگر اپنی شرر عشق
ہے زردی رخسار سے ظاہر اثر عشق
لیکن پڑے دل پہ کسو کے نظر عشق

ہو گرچہ دماغ اوسکا فلک پر تو بجا ہے
جو آپ کو سمجھے ہے ظفر خاک در عشق

ردیف قاف جلد چہارم

کھلتا نگاہ سے ہے بت سیمبر کا فرق
سوئے نہ میری پاس وہ بستر پہ رات کو
کوچہ مین اونکی مجھکو مکان بھی ملا تو کیا
جاتا گذر ہے دونون سے اوسکی نگہ کا تیر
بلبل ہزار میری طرح سے ہو نالہ کش
آئے بھی میری پاس تو بیٹھے وہ فرق سے

کرتا ہے دل کے فرق کو ظاہر نظر کا فرق
جبتک کہ درمیان نہو بالشت بھر کا فرق
میری اور اونکی گھر مین ہے دس بیس گھر کا فرق
مطلق نہین سمجھتا دل اور جگر کا فرق
میری اور اوسکے نالے مین ہوگا اثر کا فرق
آیا ہے اونکی دلمین کچھ اب اسقدر کا فرق

مدت سے مجھ مین اور میری دلمین ہے ظفر
ڈالا ہوا ہے اوس نگہ فتنہ گر کا فرق

ردیف کاف جلد اول

ڈر ہی اسے نہ دے گرا صدمہ بہار ہی کا
یہ جو زمین پہ ہی گرا رخ پہ رین لگ کھلک

جاتی ہے آج تم جہان لیچلو ساتھ ہمکو وان
بیٹھ رہینگے مہربان ہم بھی کہین لگ کھلک

پاس نزاکت اسقدر ہی کہ شیشہ پناہ سہ
رکھتا ہی تیری بانو پر تیر اخرین لگ کھلک

کردی بدن سے سر جدا لیتا ہی کیون اوٹھا اوٹھا
رکھی گلے پہ تو مری خنجر کہین لگ کھلک

کون ہے جس سے خاطرہ رکھتی نہین ہین ہمد ہو
رہتی ہین انکی پاس تو اکثر ہمین لگ کھلک

جوش جنون حسن مین یہ کہ ہر شہ در رشتی اسعد
رکھی ہی شاخ گا دیکھ کہ مین لگ کھلک

دل لگو نہ دو ظفر اوسے جو وہ اوچھالتا پھرے
شیشہ ہے نازک اسکو تم رکھ دو کہین لگ کھلک

ردیف لام جلد اول

لگا جو خون جگر عشق مین شراب کے مول
تو بیچین خون جگر ہم ابھی شہاب کے مول

عرق کا قطرہ تر رخ سے ای گلستان رو
جو ہاتھ آئی تو لون شیشہ گلاب کے مول

ہوا کہ کشور دل پہ وہ شہسوار حسن ہی آج
کہ ماہ نو کو بھی لیتا نہین رکاب کے مول

جسے کہ جان ہی مارے وہ طرہ مشکین
پھر اوسکی خاک بھی بکتی ہے مشک ناب کے مول

عجب ہے شہر محبت کا جوہری بازار
بکے ہے اشک کا قطرہ در خوشاب کے مول

ظفر وہ روی کتابی ہے مصحف عشاق
کسی کتاب کا کیا آگے اوس کتاب کے مول

جانتے ہو الیسا د مبا ز جانبازونکو بھی ۔۔۔ دم ہی تجھی جاؤ گے گر انیا دم دینگے ہم

زاہد ہمیغز کو ہو گی نہ کیفیت نصیب ۔۔۔ جام مے کیا گر چہ اوسکو جام جم دینگے ہم

سنتے نہ شور نینگے تری تیغ ستم سے دیکھنا ۔۔۔ سر تلک بھی عشق مین آپ ستم دینگے ہم

گر کہو نگے گی نشان کیا تم ہم رخصت مجھے ۔۔۔ ہنسکے کہتی ہین کہ تجھہ درد و الم دینگے ہم

یہ بھی تھا تقدیر مین لکھا کہ ای تو خط تجھے ۔۔۔ یون اُلٹ جان قین ایمان تک قلم دینگے ہم

سب نکلجا ئینگی تو قاتل ہماری حسرتین ۔۔۔ جب تڑپ کر دم تر ے زیر قدم دینگے ہم

کندہ ہی دل لگے نگینے پر ہمارے نام دوست

اے ظفر کیونکر کسیکو یہ رقم دینگے ہم

ردیف میم جلد دوم

یہ جو تم کھاتی ہو خدا کی قسم ۔۔۔ سب ہے دروغ ای تو خدا کی قسم

پھرتی ہین مہر سے جو سرگردان ۔۔۔ ہے تری جستجو خدا کی قسم

کھولدیتی ہین میرے نالہ و آہ ۔۔۔ راز پوشیدہ کو خدا کی قسم

پہونچی منزل پہ ہمسفر اور ہم ۔۔۔ رہ گئے غفلت مین سو خدا کی قسم

جا ؤ غماز کی نہ باتون پہ ۔۔۔ ہے وہ بیہودہ گو خدا کی قسم

یہ جو تم دیکھتے ہو غفلت مین ۔۔۔ خواب ہے غافلو خدا کی قسم

مہر کیا ذرہ کیا کہ ہے سب مین ۔۔۔ جلوہ یار لو خدا کی قسم

چاک کیوں جیب جگر اپنا کریں مثل کتاں | گر نہوں دیوانۂ عشق اوس مہ طلعت کے ہم

ان بتوں کی صورتوں میں واہ کیا کیا اے ظفر
ہیں تماشے دیکھتے اللہ کی قدرت کے ہم

زلف پر تیری نظر جب اے صنم کرتے ہیں ہم | سورۂ واللیل پڑھ کر منہ پہ دم کرتے ہیں ہم
کب تمہارا شکوۂ جور و ستم کرتے ہیں ہم | اور کرتے ہم تو کہہ دیتے کہ ہم کرتے ہیں ہم
وہ قدم اپنا جہاں رکھتا ہے واں زیر قدم | فرش آنکھیں صورت نقش قدم کرتے ہیں ہم
کیا ستم ہے وہ صریحاً ہے یہ کرتے ہیں ستم | اور کہتے ہیں یہ لطف و کرم کرتے ہیں ہم
اپنے خارستان مژگاں کو ہمیشہ عشق میں | اشک گلگوں سے گلستان ارم کرتے ہیں ہم
کیا کسی سے خاک ہوں خستہ ہیں اب مایوس ہم | دیکھتے ہیں اپنے پیا کو تو دم کرتے ہیں ہم
سچ ہی سچ لکھا دیا قاصد خط یہ ہم نے اک قلم | جھوٹ ہو تو ہاتھ ابھی اپنے قلم کرتے ہیں ہم
شربت خضر اس حلاوت سے پیے گا کوئی کیا | جس مزے سے نوش جاں ہر ایک غم کرتے ہیں ہم

یہ جو دم کی آمد و شد ہے اسی میں اے ظفر
دم بدم اک سیر ہستی و عدم کرتے ہیں ہم

ردیف میم جلد سوم

نے خرد نے ہوش نے تدبیر پر شاکر ہیں ہم | دوستو اپنی فقط تقدیر پر شاکر ہیں ہم
ہاتھ سے قاتل کے کچھ شکوہ نہیں کرتے کبھی | رکھ کے آپ اپنا گلا شمشیر پر شاکر ہیں ہم

جنکو ایمان ہم اپنا بخدا گنتے ہین
پوچھو وہ کیکر مومن ہمین کیا گنتے ہین

تیری فرقت مین پڑے بستر غم پر ہر شب
تا سحر ہم صبح تلک ای ماہ لقا گنتے ہین

تو جدھر قبلۂ جان اپنا تصور ہے ادھر
اس تصور ہی کو ہم قبلہ نما گنتے ہین

ہم برا کہتے ہین اونکو تو خدا ہی جانے
وہ برا گنتے ہین ہمکو کہ بھلا گنتے ہین

درد و غم یاس و الم رنج و تعب آہ و فغان
ہم تو ساتھ اپنے انھین کو رفقا گنتے ہین

ظلم سہتے ہین بجز شکر نہین کچھ کہتے
ہم جفا اونکو تری مہر و وفا گنتے ہین

آج جو وعدۂ دیدار کیا ہے تو نے
بیٹھے گھڑیان ترے مشتاق لقا گنتے ہین

ملگئے خاک مین ہم جنکے لیے وہ اب بھی
ہمکو اپنا نہین خاک کف پا گنتے ہین

اے ظفر میری ان اشکون کی بدولت ہر دم
مثل خرمہرہ در بیش بہا گنتے ہین

لگے ہین دل پہ بہت زلف یار کے تسمین
کیا ہے ٹھیک اسے مار مار کے تسمین

شکار بند مین تیرے سوار توسن ناز
کہان نصیب کہ ہون اس شکار کے تسمین

خدا بچائے اوسے جسکے قتل پر کھولین
بتان عربدہ جو جو کنار کے تسمین

فلک نے رعد کے طبلے پر آج ای ساقی
چڑھا دیے رگ ابر بہار کے تسمین

ابھی جو ہاتھ لگا تا ہے ایک وہ قاتل
تو پھر لگے نہین سہتے ہزار کے تسمین

نہی نصیب کہ کام آئین ان حسینونکے
بوقت فصد ترے جسم زار کے تسمین

فقیر جای کمر بند باندھتے ہین سدا
کمر مین ہمت پر استوار کے تسمین

وہ کھیل کھیل جس سے ہے کچھ ہاتھ کا کھیل
کیا فائدہ بیان سے ظفر کھیل کو دین

چوسی لب میگون تم خواب آئے مزے مین
اوس رخ کتابی کا ہے آنکھونمین تصور
جو ہے مزا عشق کا پیری مین اوٹھایا
ساقی مری توبہ کی ٹھہرنگی نہیں بانون
پرواترے زخمی کو نہیں آب لقا کی
جیسا کہ دل سوختہ ہے اپنا مزیدار
پوچھو نہ یہ تم بوسے لبے کتنے مزے سے
چھٹتا ہی مزا عشق کا ہے کوئی ناصح

پی ہی نہ کبھی ہمنے شراب ایسے مزے مین
ہم دیکھتے ہین دیکھو کتاب ایسے مزے مین
گذرا نہیں اور ونکا شباب ایسے مزے مین
گرجھوم کے آئیگا سحاب ایسے مزے مین
رکھتی ہے تری تیغ کی آب ایسے مزے مین
رہتا ہی کہان جلکے کباب ایسے مزے مین
رہتا ہے کسے یاد حساب ایسے مزے مین
آئے نہیں ہم خانہ خراب ایسے مزے مین

ہوتے ہی نشہ کیونکہ نہ ڈھل جائے وہ ہم سے
رہتا ہی ظفر کوئی حجاب ایسے مزے مین

اٹھ گئے بن بنکی دنیا مین مکان بہت ہونگی یہین
حال دیوانون کا ہی پوچھ رہ شست خار سے
ہر قدم پر تیرے انداز خرام ناز نے
آشنائی کا بھروسا کیا تمھاری ہو مجھے
اس چمن مین میری برق نالہ پر سو رہے

ای فلک تو نے اٹھائی یان نشان بہت ہونگی یہین
یعنی افسانی اوسی نوک زبان بہت ہونگی یہین
دل کیے پامال ای سرو روان بہت ہونگی یہین
ہم چلے آپ سے تنہا ای مہربان بہت ہونگی یہین
جلگئے ای ہم صفیر آشیان بہت ہونگی یہین

سینہ کاوی یاں کرے کوئی نہ جبتک اے ظفر
ناسور ہو جوں نگیں ایسا تو ہو سکتا نہیں

رکھتی کیا بانکی نہیں شمشیر و خنجر اور ہیں
لیکن اوسکی ابروی پر خم کے جوہر اور ہیں

کرتے ہم مضمون سوز دل بیاں گر اور ہیں
آگ ہو جاتے ابھی اوسکو وہ سنکر اور ہیں

جب چھری کرتا ہے وہ بیدادگر اور بھی تیز
لگتی مرچیں سی مرے زخم جگر پر اور ہیں

لگتے ہیں خنجر ترے جس وقت پہلو میں مرے
طائر جانکے مرے لگجاتے شہپر اور ہیں

دیکھ فریاد ستم سے تیرے ہم کرتے ہیں کیا
چپ ابھی کنج لحد میں تا بہ محشر اور ہیں

دیکھتا ہے آج ہمکو وہ نگاہ قہر سے
یا الہی خیر ہو قاتل کے تیور اور ہیں

کوہ کو پانی نہ کر اے نالۂ خارا گداز
مارنے سر سے ہمیں وہ چار پتھر اور ہیں

خم کے خم خالی کیے ساقی سے لیکن تا بلب
ہم کبھی جاتے طلب ساغر پہ ساغر اور ہیں

سیر و عشق جنونکو کیا غرض ہے خضر سے
راہ اونکی اور ہے اور اونکے رہبر اور ہیں

اہل بخشش سے برابر ہوں کہاں سنجیدہ طبع
سرو موزوں ہے تو کیا نخل ثمرور اور ہیں

جو ہیں دلمیں وہی منھ پر لاتے ہیں آئینہ وار
ہم نہیں ہیں وہ کہ دلمیں اور منھ پر اور ہیں

خوبی جوہر پائی ہے ہر ایک سے امتیاز
لعل بھی پتھر ہی ہیں لیکن وہ پتھر اور ہیں

سوز غم سے جلکے خاکستر تو ہم بھی ہو چکا
ہے جو گرمی سے ابھی شاید کچھ اخگر اور ہیں

شعلۂ آہ و فغاں سے ہم سر چرخ کہن
دیکھیے ہر شب عیاں تابندہ اختر اور ہیں

ہم قناعت کو تری دولت سمجھتے ہیں ظفر
ڈھونڈتے جو زر کو ہیں وہ طالب زر اور ہیں

نکلو جو طلب یار دل کہ ہین یہ ہین حسرت کے
رخ روشن نہین نہ زلف مین ہے ماہ عقرب مین

سیر احوال روتی ہے مجھہ پر رات فرقت کی
نہین انجم یہ قطرے ہین اشک کے دامن شب مین

گیا گھر سے مرے جس دم کہ وہ آرام جان میرا
یہ حالت ہو گئی گویا نہ تھی جان میرے قالب مین

نکالا کھینچکر دل کو اگر چاہ زنخدان سے
ڈبویا اوسکو پھر قسمت نے اوسکی چاہ غبغب مین

کہان ہین دے وہ مین جو پہلے تھین باتین محبت کی
ظفر پاتے نہایت فرق ہین ہم جب مین اور اب مین

ہین اب کہان ہمارے وہ سیر چمن کے دن
کرتے بسر ہین ہجر مین اوس سیمتن کے دن

تشبیہ دون اگر رخ روشن سے تیرے مین
پھر جائین آفتاب سپہر کہن کے دن

گھٹتی ہے دل سے اوس گل رخسار کے بہار
کیا دیکھتا ہے ہین ابھی تو اونہین کے دن

خورشید روے یار سے کرتا ہے سرکشی
کیا لگ گئے ہین شعلہ کو شمع لگن کے دن

گھٹ جاے رات شک دراز ہے زلف کی
بڑھ جاے نور حسن سے اوس سیمتن کے دن

جب عشرت و نشاط کا موسم گذر گیا
تو کیا گذر نجائینگے رنج و محن کے دن

ترچھے جو ہو گئے تمسے کہین کچھہ وہ اے ظفر
بولو نہ تم کہ اوسکے ہین یہ بانکپن کے دن

ہمدم جانی بجز غم و سر اکوئی نہین
اور دلسوز آہ سوزان کسوا کوئی نہین

نالہ و آہ رسا اپنے ہین پھر کس کام کے
جب پہونچتا تا بگوش دلربا کوئی نہین

اور بھی یون تو حسین ہین لاکھون زیر فلک
پر مری نظرون مین تجسا مہ لقا کوئی نہین

زلف کو چھوڑ لیا مانگ کا رستہ دل نے
سوئے ظلمات چلا کشور انوار سے ہو

کر سکے دل کی نہ اوس آئینہ رو سے کچھ بات
روبرو اوسکے کھڑے ہو گئے ناچار سے ہو

منہ پہ بیتاب کے پھر شب کو ہوائی چھوٹی
گر مقابل وہ مری آہ شرربار سے ہو

سنگ کا بھی جگر فرہاد سے ہے زہرہ آب
کیوں نہ سیلاب رواں چشمۂ کہسار سے ہو

ای ظفر ایسی ہی اک اور غزل ہمکو سنا
تاکہ محظوظ طبیعت تری گفتار سے ہو

حال دل پوچھتے اپنے نہیں بیمار سے ہو
آہ ترساتے مجھے شربت دیدار سے ہو

بخدا جسکو محبت بت عیار سے ہے
کار کیونکر نہ اوسے رشتۂ زنار سے ہو

خونفشاں چشم ہوئی ہجر میں گلرو کے
پاٹ دامن کر گئے تختۂ گلزار سے ہو

تیری تابندگی رخ کی نہیں یک ذرہ
روکش اے مہر نہ اوس آئینہ رخسار سے ہو

سر سے ڈھانپ لیا زلف سے اوسنے رخ کو
گام بر جسم نہ مر کیونکہ شب تار سے ہو

جھانکتے تاک کی درز سے ہو تمہیں کیا منظور
لپٹے رہتے ہو سدا رخنۂ دیوار سے ہو

رند کالی کی حلاوت وہ ہی سمجھے ہے تری
خواہش بوسہ جسے لعل گہربار سے ہو

کیا خدا اسکو ملا دیگا بت خانہ خراب
سر کو ٹکراتے جو اوسکے در و دیوار سے ہو

ای ظفر اوس سے بھلا کیا ہو لگانا دل کا
جو کہ واقف نہ کبھی عشق کے آثار سے ہو

گر قتل کا ہے عزم تو شمشیر دکھادو
یا آکے تم اپنی مجھے تصویر دکھادو

پنجۂ مژگاں سے میرے پاس ہیں شانے تو دو
پر مجھے تم دونوں زلفیں اپنی سلجھانے تو دو

قاصدان اشک کو روکو نہ آنکھو کبھی
دیکھیں لاتے ہیں خبر کیا دلکی یہ لانے تو دو

دیکھ لینا ہوگی جو برپا قیامت شہر پر
جلوۂ قامت چمن میں اوسکو دکھلانے تو دو

میری سمجھانیکو آئی حضرت ناصح ہیں آج
دیکھیے کیا مجھکو سمجھاتے ہیں سمجھانے تو دو

ہیں بہت وحشت زدے پر ایک میں اور ایک قیس
ہو گئے ہیں شہرۂ آفاق دیوانے تو دو

ہند ہو پھر شعلہ بازی دیکھنا اس آہ کی
عشق کو دلمیں ہمارے آگ بھڑکانے تو دو

پوچھتے کیا ہو ابھی ویسے محبت کا مزا
زخم شمشیر ستم اسکو ابھی کھانے تو دو

دیکھو اوس ناقدرداں کو دو نہ دل اپنا ظفر
قدر وہ دلکی ہمارے کچھ اگر جانے تو دو

لائی ہے کیا کیا مری تقدیر میرے روبرو
ہے خجل کیا کیا مری تدبیر میرے روبرو

اور سودا ہوگا افزوں آئیگی وہ زلف
لاؤ مت آہنگرو زنجیر میرے روبرو

میری آنکھوں سے تصور تیرا جاتا ہی نہیں
رہتی ہے ہر دم تری تصویر میرے روبرو

اے کمان ابرو مگر یا کیوں ہے تو نے تو ابھی
دلپہ مارا ہے نگہ کا تیر میرے روبرو

کاٹ کر رکھدوں سر اپنا آپ مرضی ہے ابھی
تو نے رکھدی لاکے جو شمشیر میرے روبرو

خاکساری کی بدولت خاک کی سمجھی ہے ہم
ہے مہوس تو وہ اکسیر میرے روبرو

گر اثر دلمیں نہ ہووے سکے تو پھر یہ چاہیے
دم نہ مارے آہ بے تاثیر میرے روبرو

بات بھی تمکو نہیں آتی کی اوسکے سامنے
ہمنشیں کرتا ہے تو تقریر میرے روبرو

[illegible]

خواہ رلواؤ ہمیں خواہ ہنساؤ ہمکو
کہ ہمارے سبب شادی و غم تم ہی تو ہو

چرخ کو یاد نہیں پہلے تو انداز ستم
اوس ستمگر کو سکھائے یہ ستم تم ہی تو ہو

جبتلک تم ہو تو ہستی ہے گئے تم تو عدم
پس مرے نزدیک تو ہستی و عدم تم ہی تو ہو

دم محبت کا تمھارے جو ظفر بھرتا ہے
اوسمیں کیا دم تھا مگر دیکھے دم تم ہی تو ہو

اگر عمر اپنی سمجھے یاد کم ہو
تو کیا دخل کچھ اوسکی میعاد کم ہو

رہے جای خوشی آخر اس غمکدے سے
جو غمگین زیادہ رہے شاد کم ہو

گھٹے نور مہ بارہا آسمان پر
پر اوسکا نہ حسن خدا داد کم ہو

نہیں پایدار اپنی تعمیر ہستی
کہ ٹھہرے وہ کیا جسکی بنیاد کم ہو

محبت میں فریاد دل سے ہے زیادہ
ستم ہے جو تاثیر فریاد کم ہو

نہ کم ہو کبھی جوش سودا کا میرے
ہزار اب لہو میرا فصاد کم ہو

زمانے میں اوس شوخ بیداد گر کی
ظفر کس طرح داد بیداد کم ہو

دوستی مجھ سے اگر تجھکو صنم ویسے ہو
جو ہو قول و قسم اللہ کی قسم ویسے ہو

کم ہو ظاہر کی ملاقات بلا سے لیکن
جو محبت کہ ہے دلمیں وہ نہ کم ویسے ہو

پاس گر ہو نہ وہ آرام دل و جان میرے
دور کسطرح مرے رنج و الم ویسے ہو

نہیں اک طرز پہ ظالم آپ کہ تم تو ہر روز
کرتے پیدا نئے انداز و ستم ویسے ہو

[illegible]

بڑھادی گر نہ جوہر عزت و توقیر آہن کو
تو سمجھیں تیغ جوہن سی بہتر شمشیر آہن کو

گلے مین پہنی جب زنجیر زر کو وہ پری آ کے
تو یہ دیوانہ ڈالی پانون مین زنجیر آہن کو

برہمن اوس صنم کی دیکھے گر تصویر کاغذ پر
نہ تصویر حجر کو پوجے نے تصویر آہن کو

دل پر سوز سینہ مین ہمارے ہی وہ انگارہ
اوٹھا نیگی نہ تاب اوسکی ہو تاثیر آہن کو

گرانبار انکو ہی صحبت سبکسار ان سے بیجا
کہ تنکے کی کمان مین کون جوڑے تیر آہن کو

محل مٹی کا ہی انسان کا تو قالب خاکی
فنا ڈھا کر ملا دیے خاک مین تعمیر آہن کو

عجب کیا فیض صاحبدل سے ہو تجھ تیرہ بختونکو
بدل دیتا ہی پارس اے ظفر تاثیر آہن کو

کیا دیکھے کوئی اوس رخ روشن کی تاب کو
جسکے نہ دیکھنے کی ہو تاب آفتاب کو

بو ہی عرق سے یار کے خوشبو ہی یہ دماغ
ہم سونگھتے نہین کبھی عطر و گلاب کو

سودا مجھے نہین تری لفون کا اے پری
دیوانہ کر دیا دل خانہ خراب کو

ہے شوق بوسہ لب میگون ترا جنہین
منہ بھی نہین لگاتے وہ جام شراب کو

ہمنے دیا وہ معرکہ عشق مین جواب
سب لاجواب ہو گئے سنکر جواب کو

کہتے ہین بادہ نوش کشتی مین شفق نہین
شیشے مین آسمان کی بھرا ہی شراب کو

دود جگر جو ہیں اٹھا زیر آسمان
دیکھا نظر سے سب نے گھٹا کر سحاب کو

جب یاد آگیا نمکین حسن یار کا
مرچین سی لگ گئین مرے دل کے کباب کو

کر دی ہین یاد ساقی صہبا کو بادہ کش
دریا مین دیکھتے ہین ظفر جب حباب کو

[illegible]

تازہ اپنی نازکی پر ہے رگ گل کو گمان
ہیچ ہے اے رشک گل تیری کمر کے روبرو

